تبصرہ کتب

مولانا محمد ابراہیم فانی صاحب

کتاب : لامية المعجزات　مصنف : حضرت مولانا محمد حبیب الرحمان صاحب قدس سرہ سابق ناظم دارالعلوم دیوبند　اردو ترجمہ و تشریح (البینات) شیخ الادب حضرت مولانا محمد اعزاز علی صاحب نور اللہ مرقدہ سابق شیخ الادب دارالعلوم دیوبند　قیمت : ۴۲ روپے
ضخامت : ۸۸ صفحات　ناشر : مکتبہ العارفی جامعہ اسلامیہ امدادیہ، فیصل آباد

زیر تبصرہ رسالہ علامہ مولانا ادیب وقت محمد حبیب الرحمٰن صاحب قدس سرہ سابق ناظم دارالعلوم دیوبند کا تصنیف کردہ ہے جسمیں انتہائی بلیغ انداز میں حضور ﷺ کے سو معجزات تحمید و صلوۃ اور تذکیر سمیت ۲۵۴ ابیات میں بیان کئے گئے ہیں زبان و بیان نہایت عمدہ اسلوب بھی انتہائی دلنشین اور موثر ہے۔ چونکہ اسکے مصنف مولانا محمد حبیب الرحمان صاحب قدس سرہ اپنے وقت کے عظیم ادیب تھے ادب عربی میں آپکو جو مہارت حاصل تھی وہ آپ ہی کا حصہ ہے آپکے اس اعلیٰ ذوق کی دلیل یہ شاہکار عربی رسالہ ہے پھر اس پر طرہ یہ کہ اسکا ترجمہ بھی شیخ الادب حضرت مولانا محمد اعزاز علی صاحب نورہ اللہ مرقدہ کے قلم سے ہے انہوں نے ترجمہ کیساتھ ابیات کی تشریح اور مشکل الفاظ کی توضیح کیساتھ ساتھ ہر شعر کی فنی خوبیاں بھی اجاگر کی ہیں اور اردو میں سلیس اور بامحاورہ ترجمہ و تشریح گویا سونے پہ سہاگہ ہے۔ مکتبہ العارفی جامعہ اسلامیہ امدادیہ گلشن امداد فیصل آباد نے خوبصورت انداز میں اسکی طباعت کا اہتمام کر کے ایک اہم ضرورت کی تکمیل کر دی۔

....

کتاب : فضائل کا نچوڑ　حضرت مولانا عبدالغنی طارق صاحب
(ترجمہ) لباب الحدیث : علامہ حافظ جلال الدین سیوطیؒ　ضخامت : ۱۸۶ صفحات
قیمت : درج نہیں　ناشر : مکتبہ مکیہ مکی مسجد ۲۲ علامہ اقبال روڈ لاہور

علمی دنیا میں علامہ حافظ جلال الدین سیوطیؒ کے نام نامی سے ایسا کوئی شخص نہ ہوگا جو ناواقف ہو۔ آپ نے مختلف علوم و فنون اور متنوع موضوعات پر مفصل و مطول اور مختصر کتابیں لکھی ہیں۔ جو کہ ارباب علم و فضل سے خراج تحسین پا چکی ہیں۔ بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو موفق من اللہ علم و قلم سے نوازا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ آپ کے منبع علم سے اس وقت سے لیکر آج تک ایک دنیا